نمبر ۳۳ — جلد ۳۰

اخبار ریاست رامپور
RAMPUR STATE GAZET

بحکم بندگان اعلیحضرت پرنور دام اقبالہم

مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۶ صفر المظفر سنہ ۱۳۴۷ھ مطابق ۱۳ اگست سنہ ۱۹۲۸ء

احکام اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

ٹھیکہ گوبر روند

۳۰ جولائی سنہ ۱۹۲۸ء

مسودہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر در بارہ منظوری ٹھیکہ گوبر روند گاؤ بستان گاؤ میش خانہ بحق مبلغ بارہ روپیہ سالانہ بنام [illegible] گھوسی منا ابتدا اپریل سنہ ۱۹۲۸ء لغایت مارچ سنہ ۱۹۲۹ء

حکم

بموجب رپورٹ ٹھیکہ مندرجہ متعلق گاؤ میش خانہ بنام [illegible] گھوسی منا ابتدا یکم اپریل سنہ ۱۹۲۸ء بحساب مبلغ بارہ روپیہ ایک سال کے لئے منظور ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر کے پاس مرسل ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

یکم اگست سنہ ۱۹۲۸ء

مسودہ رپورٹ سردار [illegible] صاحب [illegible] معتمد در بارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہہ عبدالحکیم خان ملازم کتب خانہ بوجہ علالت۔

حکم

بموجب رپورٹ رخصت رعایتی ایک ماہ عبدالحکیم خان ملازم کتب خانہ کی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

فہرست مضامین

نمبر سلسلہ	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	منظوری ٹھیکہ [illegible]	۱
۲	رخصت [illegible]	۱
۳	[illegible] صاحب [illegible]	۲
۴	موقوفی [illegible]	۲
۵	[illegible]	۲
۶	[illegible]	۲
۷	[illegible]	۲ و ۳
۸	[illegible]	۳
۹	[illegible]	۳
۱۰	رخصت [illegible]	۳
۱۱	[illegible]	۳
۱۲	رخصت [illegible]	۴
۱۳	[illegible]	۴
۱۴	[illegible]	۵
۱۵	[illegible]	۵
۱۶	[illegible]	۶
۱۷	[illegible]	۶
۱۸	[illegible]	۶

رخصت

۴؍اگست ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت
دو ہفتہ سید ناظر الحسن صاحب پرش بگڑی بخشی فوج۔

حکم

دو ہفتہ کی مزید رخصت منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔ کپ۔ ذیرہ
حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۳۰؍جولائی ۱۹۲۸ء

مستند ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ شہر میں خفیہ فروشی کوکین افیون و چرس وغیرہ بکثرت ہو رہی ہے۔ لیکن اہلکاران آبکاری کسی قسم کی انسدادی کارروائی نہیں کرتے۔ اگرچہ پولیس کو اپنے ذرائع خفیہ کی کوشش انجام نہیں دیتا لیکن پھر بھی اس باب میں [illegible] ہے۔ ملازمان صیغۂ آبکاری قطعی خاموش ہیں۔ مگر بعض خفیہ فروشوں سے [illegible] ہیں۔ ور انسے ناجائز فائدہ اٹھاتے ہیں۔ چنانچہ اعجاز حسین انسپکٹر آبکاری کا اس معاملہ میں نمبر اول ہے۔ بارہا انسپکٹر مذکور کی شکایت پہنچی ہیں اور خاص ذرائع سے معلوم ہوا ہے کہ اسکا چال چلن ناقابل اطمینان ہے۔ یہ شخص سابق میں صیغۂ قضا میں ملازم تھا وہاں بھی اسکا ریکارڈ نہایت خراب رہا ہے۔ بلکہ رشوت ستانی کا معاملہ درپیش تھا کہ اسنے نہایت چالاکی سے اپنا تبادلہ کرا لیا۔ چونکہ یہ شخص اس قابل نہیں ہے کہ ملازم رکھا جائے۔ مشار الیہ کو برخاست کیا جاتا ہے۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت دوسرے شخص کا انتظام کریں۔ پولیس کو انکی غفلت کی وجہ سے معقول سزا دیگئی ہے۔ آیندہ اگر اسنے اپنی حالت کی اصلاح نکی تو سخت تر سزا تجویز کیجائیگی۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت توجہ کریں۔ اور صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری کو متنبہ کر دیں کہ صیغۂ آبکاری کی حالت درست ہو جائے ورنہ مناسب تدابیر اختیار کیجائینگی۔ اہلکاران آبکاری اعجاز حسین کے معاملہ سے سبق حاصل کریں۔ ورنہ ہر ایک کو جو اپنے آپکو اہل ثابت نکرسکا اور اپنے رویہ میں مناسب اصلاح نکی تو مناسب سزا تجویز کیجائیگی۔ پولیس کو بھی اپنی حالت درست کرنا چاہیے۔ لہذا

حکم ہوا کہ

سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس تنبیہاً مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۳۰؍جولائی ۱۹۲۸ء

ارشاد

(۱) سال رواں حسابی قریب الختم ہے۔ ترتیب بجٹ برائے سال ۱۹۲۹ء کی جلد از جلد ضرورت ہے۔ چنانچہ اسکے متعلق ہدایات جاری ہو چکے ہیں لیکن معلوم ہوتا ہے کہ صیغہ جات ماتحت سے ہنوز بجٹ تیار ہو کر نہیں آئے ہیں۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت مناسب انتظام کر دیں کہ بجٹ جلد تیار ہو کر ہمارے ملاحظہ میں پیش ہوں۔

(۲) تاریخ امروزہ میں بجٹ صیغۂ پولیس برائے ترمیم واپس کیا گیا ہے۔ بعد تکمیل جلد واپس کیا جائے۔

(۳) حال ہی میں حدود تھانہ گنج میں ایک کثیر رقم یعنی سمبلغ [illegible] کا سرقہ ہوا ہے۔ معلوم ہوتا ہے کہ نہ تو تمسک بازیافت ہوا ہے۔ اور نہ ملزمان گرفتار ہوئے ہیں۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت اس طرف خاص توجہ کریں اور پولیس سے جلد انکشاف معاملہ کی کوشش کرائی جائے۔ ورنہ بحالت موجودہ جو تھانہ جات معطل ہو چکے ہیں بدستور معطل رہیں گے۔ بلکہ اگر کامیابی نہ ہوئی تو اہلکاران پولیس متعلقہ کی تنخواہ ہونے رقم سرقہ وصول کیجائیگی۔

(۴) چونکہ ختم سال قریب ہے صفائی نزدات کی سخت ضرورت ہے۔ جملہ صیغہ جات ماتحت صفائی نزدات کی کوشش کریں۔ اور صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت ہر ایک صیغہ سے ایک ایک نقشہ تیار کرا کر بھیجیں جس سے معلوم ہو سکے کہ صیغہ جات ماتحت میں کسقدر رقم زیر صفائی باقی ہے۔ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت جملہ امور متعلقہ کی تکمیل کرا کے رپورٹ بھیجیں۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل اس روبکار کی ہر ایک صیغہ ماتحت میں بھیجی جائے۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۳۰؍جولائی ۱۹۲۸ء

ذریعہ یادداشت معروضہ ۹؍جون ۱۹۲۸ء صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر نے قائمی مقدمہ برخلاف اقبال حسین ہیڈ کانسٹبل ستیہ چوکی سیفنی زیر دفعہ ۲۲۱ کی منظوری کی خواہش کی ہو۔ چنانچہ حسب الارشاد عالی اجازت دیدی گئی۔ اور اصل کاغذات واپس کر دیے۔ صاحب جوڈیشل مجسٹریٹ نے اپنی رپورٹ میں تحریر کیا ہے کہ شہادتوں سے معاملہ بادی النظر میں صحیح معلوم ہوتا ہے اس لئے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ تا انفصال مقدمہ ہیڈ کانسٹبل کو معطل کیا جائے۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ بعد فیصلہ نتیجہ سے اطلاع دیں۔ اور عدالت بھی

اطلاع آئندہ جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۳۱ر جولائی ۱۹۲۸ء

بنظر مناسب۔

حکم ہوا کہ

احمد حسین خان سب انسپکٹر انچارج تھانہ عظیم نگر کی انچارجی شکست کیجائے اور بحیثیت افسر دوم کوتوالی میں تبدیل کیا جائے۔ بجائے احمد حسین خان شمول علیخان افسر دوم متعینہ کوتوالی سب انسپکٹر انچارج تھانہ عظیم نگر کیا جائے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۳ر اگست ۱۹۲۸ء

رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس متعلق تقرر سید امداد علی ملاحظہ ہوئی۔ ہمارے اجلاس میں مقدمات کا اپیل وغیرہ ہوتا ہے۔ اس لئے اجلاس میں ایک ایسے اہلمد کی ضرورت ہے جو مقدمات کے کام سے واقفیت رکھتا ہو۔ قبل ازیں اس کام پر راحت بے خیام اہلمد مامور تھا۔ لیکن نامبردہ کو بنظر مناسب اسکی سابقہ جگہ پر واپس کردیا گیا ہے۔ سید امداد علی صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر کے اجلاس میں کام کرچکا ہے۔ مقدمات کے کام سے واقفیت رکھتا ہے۔ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر نے تعریف کی ہے اور کام کا اہل بتایا ہے۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مشار الیہ کا تقرر یکم اگست ۱۹۲۸ء سے بمشاہرہ تیس روپیہ ماہانہ کیا جائے۔ کام اجلاس میں کریگا۔

۲- ناظر اجلاس کی تنخواہ بجٹ اجلاس (انتظام ملکی میں) رکھی گئی تھی۔ لیکن کنہیا لال ناظر اجلاس صیغہ انہار سے تبدیل ہوکر آیا تھا اور اسی صیغہ سے تنخواہ پاتا ہے آیندہ بھی تنخواہ اُسی صیغہ سے پائیگا۔ اور سید امداد علی اجلاس کے بجٹ سے تنخواہ پائیگا۔ سال آیندہ کے بجٹ اجلاس میں بجائے ناظر کی تنخواہ کے سید امداد علی کی تنخواہ رکھی جائے۔

۳- سید شوکت علی بی۔ اے ہیڈ کلرک اجلاس اور محمد صغر خان اسسٹنٹ کلارک متعینہ اجلاس کے کام سے ہم خوش ہیں بنظر ماتحت نوازی ہیڈ کلرک کی موجودہ تنخواہ میں مبلغ پانچ روپیہ ماہانہ اور اسسٹنٹ کلارک کی موجودہ تنخواہ میں دس روپیہ ماہانہ اضافہ منظور ہوا۔ سید شوکت علی اجلاس سے اور محمد صغر خان صیغہ تعمیرات سے تنخواہ پاتا ہے۔ اضافہ یکم اگست ۱۹۲۸ء سے صیغہ جات متعلقہ سے دیا جائیگا۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

حکم اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۴ر اگست ۱۹۲۸ء

مثل رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر۔ دربارہ منظوری رخصت مزید یکماہ بابو پربھو لال سب ڈویژنل افسر بوجہ علالت بانتظام سابقہ۔

حکم

حسب سفارش صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت رخصت یکماہ بسلسلہ سابق پربھو لال سب ڈویژنل افسر خاص بلا برضع تنخواہ منظور ہے۔ بجائے رخصتی کے محمد اللہ سپے اوورسیر کار سرکار انجام دیگا۔ اور مبلغ پچیس روپیہ ماہانہ بصلہ کارکردگی الاؤنس پائیگا۔

سررشتہ صدر احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

روبکار اجلاس عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم واقع ۳ر اگست ۱۹۲۸ء

نوٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت بابت روبکار اجلاس مجریہ ۵ر اپریل ۱۹۲۸ء ملاحظہ ہوا۔ ۴۴ مقدمات میں سے ۱۵ کا لاپتہ ہونا قابل مواخذہ ہے۔ لیکن چونکہ معاملہ کہنہ ہوگیا ہے اور اس عرصہ میں سب انسپکٹران وغیرہ کا تبادلہ ہوچکا ہے۔ و دم حال ہی میں کوتوالی اور تھانہ سوار وغیرہ معطل ہوچکے ہیں اس لئے بمنشاء روبکار مجریہ ۵ر اپریل ۱۹۲۸ء کوئی کارروائی مناسب نہیں ہے۔ البتہ معطل شدہ تھانہ جات کے علاوہ دیگر تھانہ جات کے حلقہ کے مقدمات لاپتہ ہیں ڈھونڈنے کی مزید مہلت دیجاتی ہے۔ اگر اس عرصہ میں برآمدگی نہ ہوسکی تو مناسب حکم ہوگا۔ بعد ختم مدت اطلاعی رپورٹ پیش کیجائے۔ کاغذات متعلق مقدمات لاپتہ حلقہ کوتوالی۔ تھانہ گنج۔ تھانہ حوالی شہر و تھانہ سوار احکام معطلی کے ساتھ شامل ہوں۔ اور ان لاپتہ مقدمات کی برآمدگی کی بھی کوشش کیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک ایک نقل بنابر اطلاع صاحب سکریٹری بہادر صنعت وحرفت۔ صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔ صاحب سپرنٹنڈنٹ آفس کے پاس مرسل ہو۔ ایک نقل سررشتہ جنگی روانہ کیجائے۔ بعد اجراء احکام اصل کاغذات صاحب سپرنٹنڈنٹ پولیس کے پاس مرسل ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم

احکام اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ منظوری رخصت مزید کی منشی جمیل احمد خان گرداور قانونگو سے تحصیل [illegible] بوجہ علالت تا ۱۴ اگست سنہ حال [illegible] گرداور سے [illegible] اور [illegible] ہوں۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست رخصت [illegible] گرداور قانونگو سے تا ۱۴ اگست سنہ ۱۹۲۰ء منظور ہو۔ آئندہ کیواسطے گرداور قانونگو سے کو صاحب مہتمم بندوبست ہدایت کردیں کہ اگر آئندہ رخصت حاصل کرے تو اس اندازہ سے حاصل کرے کہ جس میں وہ پوری طور پر رخصت حاصل کرلے۔ منظوری [illegible] رخصت آئندہ نہ دیجائیگی۔ احکام منظوری رخصت باضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ حاکم صاحب صدر دربارہ منظوری رخصت ۱۵ یوم منشی [illegible] پرشاد [illegible] بعوض رام پرشاد [illegible]

حکم

حسب استدعا حاکم صاحب صدر رخصت ۱۵ یوم [illegible] منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ [illegible] دربارہ منظوری رخصت ۱۵ یوم صاحبزادہ سید [illegible] بوجہ علالت [illegible] صاحبزادہ سید منظور حسن خان بہادر [illegible] حاکم صاحب صدر [illegible] دربارہ منظوری رخصت مذکور و بعوض صاحبزادہ سید منظور حسن خان بہادر صدر الذکر۔

حکم

حسب رپورٹ حاکم صاحب صدر رخصت ۱۵ یوم صاحبزادہ [illegible] صدر کی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

رخصت

۲۰ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست دربارہ منظوری رخصت مزید منور حسین خان گرداور قانونگو سے تحصیل سوار تعدادی دو ماہ بانتظام سابقہ بعوض غضنفر علیخان بوجہ بقائے علالت۔

حکم

حسب رپورٹ صاحب مہتمم بندوبست و تحصیلدار صاحب بانتظام سابقہ دو ماہ کی مزید رخصت بوجہ بقائے علالت موافق تحریر ڈاکٹر صاحب منور حسین خان گرداور قانونگو سے کی منظور ہے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

رخصت

۲۰ اگست سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ آبکاری دربارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہ منشی شبیر علیخان انسپکٹر آبکاری بوجہ علالت بذمہ داری منشی فرخ شاہ خان سب انسپکٹر آبکاری۔

حکم

حسب سفارش سپرنٹنڈنٹ صاحب آبکاری رخصت رعایتی یکماہ منظور کیجاتی ہے [illegible] اطلاع اجلاس اعلیٰ کو مرسل ہو۔ اور کاغذات [illegible] صدر کو مرسل ہوں۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

حکم اجلاس صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

اضافہ

۱۰ جولائی سنہ ۱۹۲۰ء

مثبتہ تحریر [illegible] صاحب صدر دربارہ [illegible] اضافہ شبیر علیخان روزنامچہ نویس [illegible]

حکم

حسب سفارش [illegible] اضافہ شبیر علیخان روزنامچہ نویس صدر کی موجودہ تنخواہ [illegible] ماہوار [illegible] اضافہ منظور ہے [illegible] صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ دستخط صاحب فائنینشل سکریٹری بہادر

سرکاری پریس ریاست رامپور میں چھپکر شائع ہوا

روئداد جلسہ میونسپل جنرل کمیٹی منعقدہ ٹاؤن ہال واقع میونسپل آفس محررہ ۱۳ ؍ جولائی ۱۹۲۸ء

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نمبر تجویز	تجویزات کمیٹی	[illegible]
		منشی ... خانصاحب ممبر بورڈ آف کورٹ	صاحبزادہ سید اخلاق حسین خانصاحب بہادر	۱۔ مسٹر صدیق علی خانصاحب اسسٹنٹ سیکرٹری انجنیر ۲۔ منشی عبدالرحمن خانصاحب آنریری مجسٹریٹ ۳۔ صاحب میونسپل افسر ۴۔ بابو شیام ... صاحب بہادر ۵۔ منشی ... صاحب پروفیسر	۱۔ نسیم خانصاحب ۲۔ صاحبزادہ پیر شاہ صاحب ۳۔ ممتاز علی خان صاحب ۴۔ صاحبزادہ سید لداد حسین صاحب بہادر ۵۔ لالہ منی لال صاحب ۶۔ ساہو شب چندر ... صاحب ۷۔ حافظ فصیح اللہ خان صاحب ۸۔ عبدالوحید خانصاحب ۹۔ منشی خلیق احمد صاحب ۱۰۔ ایوب شاہ خانصاحب ۱۱۔ مولوی ... الدین صاحب ۱۲۔ ... ہرنام سنگھ صاحب			
۱	تجویزات مجوزہ منشی عبدالوحید خانصاحب ممبر حلقہ تھانہ بذریعہ ... مندرجہ کتاب مطبوعہ نمبر ۹ لغایت ۱۲					۱	تجاویز مجوزہ منشی عبدالوحید خانصاحب ممبر حلقہ تھانہ بذریعہ ... مندرجہ کتب ... مطبوعہ باقیماندہ تجاویز نمبر ۹، ۱۰، ۱۱ و ۱۲ اجلاس جنرل میونسپل کمیٹی میں پیش ہو کر بصراحت مندرجہ تحت رائے پاس ہوئی تجویز نمبر ۹ شہر میں نسبت محصولات وغیرہ جو افواہیں مشتہر ہوا کرتی ہیں اسکا سد باب ہونا چاہئے اسلئے بالاتفاق یہ رائے پاس ہوئی کہ مزید کسی کارروائی کی ضرورت نہیں ہے تجویز نمبر ۱۰ اس تجویز کے متعلق بابو شیام بہادر صاحب نمبر ۱ دیوان صدر و مسٹر صدیق علی خانصاحب نمبر ۲ اسسٹنٹ سیکرٹری انجنیر و منشی عبدالرحمن خانصاحب آنریری مجسٹریٹ و منشی ... خانصاحب نمبر ۴ و منشی ایوب شاہ خان نمبر ۵ و مولوی خلیق احمد وکیل نمبر ۶ و ممتاز علی خان صاحب نمبر ۷ و ماسٹر ہرنام سنگھ نمبر ۸ و ساہو شب چندر ... صاحبزادہ سید لداد حسین صاحب بہادر	

[illegible]	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
							وساہو اندر پرشاد و لالہ منی لال و مولوی وجیہ الدین وکیل ممبران نے بالاتفاق یہ رائے پاس کی کہ ایک سال کے اندر جسقدر تانگہ و شکرم وغیرہ فروخت ہوتے ہیں اون سے فیس داخل خارج مالکان سے قابل وصول نہیں ہے اور نہ اضلاع انگریزی میں فیس داخل خارج وصول کیجاتی ہے ۔ منشی امتیاز علی خان صاحب ممبر بورڈ آف صدر نشین پریزیڈنٹ جلسہ و صاحبزادہ سید اخلاق علی خان صاحب بہادر مینوسپل افسر و حافظ فصیح احمد خان و تسیم خان ممبران جلسہ کو اس تجویز سے بوجوہ اتفاق نہیں ہے کہ رقم فیس داخل خارج جو اسوقت سے وصول ہو رہی ہے جب سے کہ میونسپلٹی رامپور میں کیا گیا ہو [?] کا اجرا ہوا ہے ۔ اس رقم کے معاف کر دینے میں سرکاری آمدنی کا نقصان ہے اسکے علاوہ سب سے زائد نقصان یہ [?] ہوگا کہ رجسٹران میونسپلٹی میں شروع سال میں جو مالکان سے فیس سالانہ وصول کیجاتی ہے اسوقت رجسٹران میں نام مالک و نام ڈرائیور و قسم سواری و حلیہ جانور وغیرہ کا اندراج ہوتا ہے درمیان سال کے وہ سواری کسی دوسرے کے ہاتھ فروخت ہوتی ہے تو داخل خارج اسکا مثل مالگزاری ہو کر رجسٹران بغرض مصرحہ بالا ہوتا ہے جب داخل خارج کا قاعدہ جاتا رہیگا تو رجسٹر سرکاری غیر مکمل رہیں گے اور مالکان سواری سے جرم عاید ہونے پر یہ پتہ چلنا دشوار ہوگا کہ وہ سواری کس کے نام کی ہے ۔ ان جرائم کی تحقیقات و تدارک میں سخت دشواری پیدا ہوگی اسلئے فیس داخل خارج جو ہمیشہ سے وصول کیجا رہی ہے ہونا چاہئے نمونہ نمبر ۱۱ سالی ہذا میں محلہ گھیر جندن خان میں جو جانب میونسپلٹی کہر کچہ تعمیر ہو گیا ہے اسلئے اب کسی تجویز کی ضرورت نہیں ہے نمونہ نمبر ۱۲ شہر میں مصنوعی گھی بناسپتی کی تجارت کثرت سے ہو رہی ہے اور اجلاس اعلیٰ سے مصنوعی بناسپتی گھی فروخت ہونیکی ممانعت ہو چکی ہے اسلئے بالاتفاق یہ تجویز پاس ہوئی کہ جو شخص مصنوعی بناسپتی گھی کسی شخص کے مکان یا دکان یا اوسکے قبضہ سے گرفتار کرائے اور ڈاکٹری جانچ سے مصنوعی بناسپتی گھی ثابت ہو تو معائنہ ڈاکٹری ہونیکے بعد تا ایساگھی گرفتار کرایا جائے کہ جس گھی میں مصنوعی بناسپتی گھی کا جز شامل ہو تو ایسے شخص	

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	تجویزات کمیٹی	[illegible]
								پر جس قدر رقم جرمانہ تجویز کیا جائے بحساب وصول اُس رقم جرمانہ سے خبر دہندہ یا گرفتار کرانیوالے کو انعام نصف رقم جرمانہ مین سے ملنا چاہئے۔ اسمین تجویز کی منظوری کے بعد شہر مین کافی طور سے اعلان کرا دیا جائے۔	
۴	تجاویز منشی عبدالوحید خان صاحب۔ عرصہ دو ماہ سے جنرل کمیٹی میونسپل بورڈ کا کوئی اجلاس نہین ہوا ہے اس عرصہ مین ریاست رامپور کو چند قابل فخر و شایان ایسے واقع ہوئین کہ جنکے اظہار مسرت و مبارکباد کیواسطے ہمارے میونسپل بورڈ کو منجانب رعایائے رامپور مبارکباد کے تجاویز پاس کرنیکی اشد ضرورت تھی۔ حضرات۔ یہ مسرت افزا واقعات مجملاً عرض کیے جاتے ہین کہ جن سے آپ حضرات بخوبی واقف ہین۔ اور وہ یہ ہین۔ ۱۔ ہمارے بادشاہ آقائے ولی نعمت حضور پرنور نواب صاحب دام اقبالہم و ملکہم کو بتقریب سالگرہ حضور ملک معظم شہنشاہ برطانیہ و ہند منجانب حضور ملک معظم شہنشاہ برطانیہ و ہند خطاب میجر جنرل عطا فرمایا گیا ہے جو باعث فخر و مسرت ہے اس پر ہم جسقدر بھی اظہار مسرت کرین وہ کم ہے۔ ۲۔ حضرات۔ اس عرصہ مین ہمارے شفیق و محسن جوان بخت جوان سال حضور مرشدزادہ آفاق عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم کے ایک خطرناک اپریشن ہوا اور خدا کا ہزار ہزار شکر ہے کہ یہ اپریشن نہایت کامیاب ہوا اور ہمارے حضور ولیعہد اس سے صحت یاب ہوئے۔ اس صحت یابی پر ہم جس قدر بھی اظہار مسرت کرین وہ کم ہے ۳۔ حضرات۔ اس عرصہ مین ہمارے میونسپل بورڈ کے چیرمین صاحب ہوم سکریٹری بہادر کو بتقریب سالگرہ حضور ملک معظم شاہ برطانیہ و ہند منجانب حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم رینک کرنیل عطا فرمایا گیا۔ اس پر بھی ہمکو اظہار مسرت کرنا چاہئے۔ لہذا مین ان ہر سہ واقعات کی مبارکباد کیواسطے مبارکباد کی تجاویز پیش کرنا چاہتا ہون۔ امید ہے کہ آپ حضرات بالاتفاق تائید فرمائین گے اور یہ بھی عرض کرونگا کہ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم اور حضور مرشدزادہ آفاق عالیجناب نواب								

نمبر شمار	امور تصفیہ طلب	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	نمبر تجویز	تجویزات کمیٹی	[illegible]
	ولیعہد بہادر دام اقبالہم کے واپسی رامپور پر بجانب کمیٹی میونسپل بورڈ ان مسرت افزا واقعات کی خوشی پر جشن کیا گیا تو نہایت مسرت ہے۔ یہ تجاویز حسب ذیل ہیں میونسپل بورڈ ریاست رامپور کے جنرل کمیٹی کا اجلاس بحیثیت نمایندگان رعایائے رامپور اپنے بادشاہ آقائے ولی نعمت سرکار دولتمدار حضور پرنور نواب صاحب بہادر دام اقبالہم وملکہم والی ریاست رامپور کو خطاب میجر کرنیل منجانب حضور ملک معظم شاہ برطانیہ ہند عطائے فرمائے جانے پر نہایت خلوص اور وفاداری کے ساتھ دلی مبارکباد پیش کرنا چاہیے اسکی ایک نقل حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم کے ملاحظہ عالی کیواسطے بھیجی جائے اور ایک نقل حضور مرشدزادہ آفاق عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم کے ملاحظہ عالی کیواسطے بھیجی جائے اور ایک نقل درج گزٹ ہو							
۳	نوٹ منشی خلیق احمد صاحب ممبر دربارہ داخلہ محصولات چنگی مندرجہ نوٹ اکاؤنٹنٹ میونسپلٹی۔					۳	باتفاق یہ تجویز ہوئی کہ داخلجات بجٹ مصارف و آمدنی کے متعلق رپورٹ اکاؤنٹنٹ میونسپلٹی جلسہ گذشتہ میں پیش ہو چکی ہے جس میں چند ممبر صاحبان نے اپنی تحریری رائے شامل کر دی ہیں وہ فائل بنا بر تجویز پیش کیجائے۔	

ہفتہ اول۔ نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور بابت ابتدائے ماہ اگست ۱۹۲۸ء

نام جنس	خود تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۹/۶ ۱۰/۶ ۱۰/۴	۱۰/۶	۱۰/۶ ۱۰/۴	۱۰/۴ ۱۰/۶		۱۰/۶	تحصیل سوار سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۸/۸	۷/۸	۸/۸	۸/۸		۸/۸	
نخود کسہ آمیز	۱۰/۸	۰	۹/۸	۸/۸		۱۰/۸	
کنگنی	۸	۰	۱۰/۶	۱۰/۸		۸	
ماش	۱۰/۴	۱۰/۵	۰	۵/۸		۱۲	
مونگ	۰	۰	۰	۴/۸		۱۰/۵	
مکا	۱۰/۴	۰	۰	۰	۰	۸/۸	
جنی	۱۱/۸	۰	۱۰/۱۰	۱۲		۱۱	
کوجنی	۱۱	۰	۰	۰		۱۰/۸	
عدس	۶/۸	۰	۰	۸/۸		۸/۸	
ارہر	۸	۰	۸/۰۸	۸/۸		۸/۸	
برنج	۳/۸	۳/۸ ۳/۰۸	۳/۰۶ ۵/۸	۳/۰۸ ۳/۸		۵/۸	
روغن زرد	۰۶ چھٹانک	۹ چھٹانک	۹ چھٹانک	۰۰/۸		۰/۸	
روغن سیاہ	۱/۰۱	۲/۸	۱/۰۱ ۲/۸	۲/۰۰/۸		۱/۰۱	
روغن کنجد	۱/۰۱	۲/۰۱	۱/۸	۱/۸		۱/۸	
نمک سانبھر	۱۲/۸	۱۳	۱۲	۱۱/۸		۱۲/۸	
نمک لاہوری	۲/۸	۸/۸	۲/۸	۰		۸/۸	
قند سیاہ	۵/۸	۴/۰۱ ۵/۸	۴/۰۱	۵/۰۱		۴/۸	
باجرہ	نرخ بازار	۰	۰	۰		۸/۸	

نقشہ بارش ہفتہ وار ۔ من ابتداء ۲۷ جولائی لغایت ۲ اگست ۱۹۲۸ء ریاست رامپور

تاریخ و دن	صدر عالیہ: روزانہ	صدر عالیہ: میزان	تحصیل بلاسپور: روزانہ	تحصیل بلاسپور: میزان	تحصیل سوار: روزانہ	تحصیل سوار: میزان	تحصیل شاہ آباد: روزانہ	تحصیل شاہ آباد: میزان	تحصیل ملک: روزانہ	تحصیل ملک: میزان	تحصیل ٹانڈہ: روزانہ	تحصیل ٹانڈہ: میزان
۲۷ جولائی ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۰	½۲۲۰	۰	۲۵۵	۰	۳۰۰	۰	۱۳۶	۰	۱۹۶	۰	۱۸۸
۲۸ جولائی ۱۹۲۸ء یوم شنبہ	۰	½۲۲۰	۱۴	۲۸۹	۰	۲۰۰	۰	۱۳۶	۰	۱۹۶	۰	۱۸۸
۲۹ جولائی ۱۹۲۸ء یوم یکشنبہ	۰	½۲۲۰	½	½۲۸۹	۰	۲۰۰	۰	۱۳۶	۰	۱۹۶	۰	۱۸۸
۳۰ جولائی ۱۹۲۸ء یوم دوشنبہ	۰	½۲۲۰	۰	½۲۸۹	۰	۲۰۰	۰	۱۳۶	۰	۱۹۶	۰	۱۸۸
۳۱ جولائی ۱۹۲۸ء یوم سہ شنبہ	۰	½۲۲۰	۰	½۲۸۹	۰	۲۰۰	۰	۱۳۶	۰	۱۹۶	۰	۱۸۸
یکم اگست ۱۹۲۸ء یوم چہارشنبہ	۰	½۲۲۰	½	۲۹۰	½۵	½۲۰۵	۰	۱۳۶	۰	۱۹۶	۰	۱۸۸
۲ اگست ۱۹۲۸ء یوم پنجشنبہ	۰	½۲۲۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۹۶	۴	۱۹۲

ہفتہ دوم۔ نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور ماہ اگست ۱۹۲۸ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم						۶۰۶	دیگر تحصیلوں سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص						۸۸	
نخود کہ آمیز						۷۸	
کہ						۷۰۷	
ماش						۵۰۸	
مونگ						۸۵	
مکا						۸۱۰	
جئی						۸۱۱	
گوجئی						۸۶	
عدس						۸۴	
ارہر						۸۸	
برنج						۸۵	
روغن زرد						۸۰	
روغن سیاہ						۸۰۱	
روغن کنجد						۰	
نمک سانبھر						۸۱۲	
نمک لاہوری						۸۸	
قند سیاہ						۸۵	
باجرہ						۸	

نقشہ بارش ہفتہ دارمن ابتدائے ۳ ہر اگست لغایت ۹ ہر اگست ۱۹۲۸ء ریاست رامپور

تاریخ ودن	صدر عالیہ		تحصیل بلاسپور		تحصیل سوار		تحصیل شاہ آباد		تحصیل ملک		تحصیل ٹانڈہ	
	مقدار بارش	از یکم جون	مقدار بارش	از یکم جون	مقدار بارش	از یکم جون	مقدار بارش	از یکم جون	مقدار بارش	از یکم جون	مقدار بارش	از یکم جون
۳ ہر اگست ۱۹۲۸ء یوم جمعہ	۰	۲۲۰½	۰	۲۹۲	۰	۲۰۶½	نقشہ نہیں آیا	۰	۰	۱۹۶	۰	۱۹۲
۴ ہر اگست ۱۹۲۸ء یوم شنبہ	۰	۲۲۰½	۰	۲۹۲	۰	۲۰۶½	؍؍	۰	۰	۱۹۶	۰	۱۹۲
۵ ہر اگست ۱۹۲۸ء یوم یکشنبہ	۰	۲۲۰½	۰	۲۹۲	۰	۲۰۶½	؍؍	۰	۰	۱۹۶	۰	۱۹۲
۶ ہر اگست ۱۹۲۸ء یوم دوشنبہ	۰	۲۲۰½	۰	۲۹۲	۰	۲۰۶½	؍؍	۰	۰	۱۹۶	۰	۱۹۲
۷ ہر اگست ۱۹۲۸ء یوم سہ شنبہ	۰	۲۲۰½	۰	۲۹۲	۰	۲۰۶½	؍؍	۰	۰	۱۹۶	۰	۱۹۲
۸ ہر اگست ۱۹۲۸ء یوم چہارشنبہ	۰	۲۲۰½	۰	۲۹۲	۰	۲۰۶½	؍؍	۰	۰	۱۹۶	۰	۱۹۲
۹ ہر اگست ۱۹۲۸ء یوم پنجشنبہ	۰	۲۲۰½	نقشہ نہیں آیا	۰	نقشہ نہیں آیا	۰	؍؍	۰	۰	۱۹۶	ـہ	۱۹۲